سُرخاب

نظمیں



بنیاد دوم

میری سائیکل

SAMPLE

میری سائیکل

میری نئی سائیکل تیزی سے چلی
پھاٹک سے جو نکلی میدان کی گلی
میدان کا چکر کاٹا واپس گھر کو آیا
امی نے جو دیکھا اور بھی زور لگایا
ابوّ نے شاباشی دی بھاگا جیسے گھوڑا
سامنے آیا کھمبا تیزی سے جو موڑا
ہم تو گئے حوض میں سائیکل گئی کیاری میں
اب تو کوئی ٹک نہ تھا اپنی ہوشیاری پہ



سیدنا محمد ﷺ

سب سے اچھے سب سے پیارے آنکھ کے تارے راج دلارے
سیدھی راہ دِکھانے والے سچی بات بتانے والے
ایک خدا سے ڈرنے والے نیکی کا دم بھرنے والے
صاف ہمیشہ رہنے والے بات پتے کی کہنے والے
کام سبھی کے آنے والے دُکھ میں سہارا دینے والے
سب سے افضل سب سے اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

ایک تھا راجا ایک تھی رانی

آؤ بچوں سُنو کہانی

ایک تھا راجا ایک تھی رانی
راجا بیٹھا بین بجائے
رانی بیٹھی گانا گائے
طوطا بیٹھا چونچ ہلائے
نوکر لے کر حلوہ آئے
طوطے کا بھی جی للچائے
راجا بین بجاتا جائے
نوکر شور مچاتا جائے
طوطا حلوہ کھاتا جائے

امّی

راج دُلاری، پیاری امّی
امّی، امّی پیاری امّی
میری جان سے پیاری امّی
راحت تیری چھاؤں میں ہے
جنت تیری پاؤں میں ہے
راحت ساری ماؤں میں ہے
ذکر کرے یہ دنیا ساری
راج دُلاری، پیاری امّی
امّی، امّی پیاری امّی
میری جان سے پیاری امّی

SAMPLE

نظمیں پڑھانے کا مقصد

۔نظمیں بچوں کی زبان سازی میں نہایت مددگار رہیں۔سُننے اور بولنے کی صلاحیت بڑھاتی ہیں۔نظموں کی تکرار بچوں میں روانی سے جملے بولنے کی قابلیت کا اضافہ کرتی ہے۔گفتگو کے اُتار چڑھاؤ کا احساس پیدا کرتی ہے۔

۔ بچوں میں فطری موسقیانہ ردھم کی حِس ہوتی ہے۔نظموں کو ردھم میں پڑھنے سے اِس حس کے پورا ہونے کا سکون ملتا ہے۔بچوں کے مزاج میں ٹھہراؤ آتا ہے۔

۔نظم پڑھنے کے دوران شعر کے لحاظ سے جذبات اور افعال کا اظہار بہت ضروری ہے۔خوشی کے شعر پر خوش ہونا، حیرانی کے شعر پر تعجّب کا اظہار کرنا،سونے کے ذکر پر آنکھیں بند کرنا؛ یہ سب زبان کے مؤثر استعمال میں مددگار ہوتے ہیں۔

۔شاعری انسان میں تخیّلات کی افزائش کا مؤثر ذریعہ ہے۔ ابتدائی عمر میں بچوں کو نظمیں پڑھانے سے اُن کی تخلیقی صلاحیتیں بڑھتی ہیں۔یہ تخلیقی صلاحیت ہر مضمون میں آگے بڑھنے میں مددگار ہوتی ہے۔

SAMPLE

نظمیں پڑھانے کا طریقہ کار

۱۔ پہلی مرتبہ پُر جوش انداز میں پوری لے کے ساتھ نظم بچوں کے سامنے پڑھیے۔

۲۔ دوسری مرتبہ نظم میں موجود جذبات اور افعال کے اظہار کے ساتھ پڑھیے۔

۳۔ تیسری مرتبہ بچوں کو ساتھ پڑھنے کو کہیے۔ بچوں کو بھی جذبات اور افعال کے اظہار پر اُبھاریں۔

۴۔ ایک نظم ہفتے میں کم از کم تین دن پڑھائیں۔

۵۔ ہر ہفتے ایک نئی نظم پڑھائیں۔

۶۔ موقع کے لحاظ سے نظموں کو بچوں کے ساتھ دہرایئے۔ جیسے برسات کے موسم میں بارش کے موضوع کی نظم۔

۷۔ بچوں کی خواہش پر بھی نظم کو دہرائیں۔

۸۔ بچوں کے موڈ کو تبدیل کرنے لے لیے بھی نظم کو استعمال کریں۔

۹۔ والدین بھی گھر میں نظمیں دہرائیں۔

SAMPLE

سُرخاب نظمیں

ترنم سے نظمیں سنانا چھوٹے بچّوں کو زبان سکھانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ نظمیں دہرانے سے بچّے میں اعتماد آتا ہے اور اُن کا تلفّظ بہتر ہوتا ہے۔
سرخاب نظمیں چھوٹے بچّوں کا کتابی سلسلہ ہے جس میں زبان اور تصوّرات کے لحاظ سے بہترین نظموں کا انتخاب کیا گیا ہے۔
سرخاب نظمیں ذاتی، مذہبی، معاشرتی اور ماحولیاتی تصوّرات پر مبنی ہیں۔ بچّے نظمیں دلچسپی سے سنتے ہیں اور اُن کو بار بار دہراتے ہیں۔
والدین اور اساتذہ کو چاہیے کہ بچّوں کے ساتھ ہم آواز ہو کر نظمیں پڑھیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

طفلی

SAMPLE